وزیر اعظم کا جمہوریہ قبرص، کناڈا اور کروشیا کا دورہ (19-15 جون، 2025)

جون 14، 2025

جمہوریہ قبرص کے صدر عزت مآب جناب نیکوس خریستودولیدیس کی دعوت پر وزیر اعظم جناب نریندر مودی 16-15جون، 2025 کو قبرص کا سرکاری دورہ کریں گے. گزشتہ دو دہائیوں میں کسی بھارتی وزیر اعظم کا قبرص کا یہ پہلا دورہ ہوگا. نیکوسیا میں وزیر اعظم صدر خریستودولیدیس کے ساتھ بات چیت کا اہتمام کریں گے اور لیماسول میں کاروباری نمائندوں سے خطاب کریں گے. یہ دورہ باہمی تعلقات کو مضبوط بنانے اور بحیرہ روم خطے اور یوروپی یونین کے ساتھ بھارت کی رابطہ کاری کو تقویت بہم پہنچانے کے لیے دونوں ممالک کی مشترکہ عہدبندگی کی تصدیق کرے گا.

2. اپنے اس دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت، کناڈا کے وزیر اعظم عزت مآب جناب مارک کارنی کی دعوت پر وزیر اعظم G-7 سربراہ اجلاس میں شرکت کی غرض سے 17-16 جون کو کناڈا میں کناناسکس کا دورہ کریں گے. یہ G-7 سربراہ اجلاس میں وزیر اعظم کی مسلسل 6ویں شرکت ہوگی. اس سربراہ اجلاس کے دوران وزیر اعظم G-7 ممالک اور دیگر مدعو کیے گئے ممالک کے قائدین، بین الاقوامی تنظیموں کے سربراہان کے ساتھ اہم عالمی موضوعات پر تبادلہ خیال کریں گے، جن میں توانائی سلامتی، ٹیکنالوجی اور اختراع، خصوصاً اے آئی – توانائی اتحاد اور کوانٹم سے متعلق موضوعات شامل ہیں۔ وزیر اعظم اس سربراہ اجلاس کے ساتھ ہی ساتھ مختلف باہمی ملاقاتوں کا بھی اہتمام کریں گے. وزیر اعظم سربراہ اجلاس کے موقع پر کئی دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے.

3. اپنے دورے کے حتمی مرحلے میں، جمہوریہ کروشیا کے وزیر اعظم عزت مآب جناب آندری پلینکووِچ کی دعوت پر، وزیر اعظم 18 جون 2025 کو کروشیا کے دورے پر جائیں گے. یہ کسی بھارتی وزیر اعظم کا کروشیا کا پہلا دورہ ہوگا، اور یہ دورہ باہمی تعلقات میں ایک اہم سنگ میل کے طور پر اجاگر ہے. وزیر اعظم ، کروشیا کے وزیر اعظم پلینکووِچ کے ساتھ باہمی مذاکرات کا اہتمام کریں گے اور صدر عزت مآب جناب زوران مِلانووِچ سے ملاقات کریں گے. کروشیا کا یہ دورہ یوروپی یونین میں شراکت داروں کے ساتھ اپنی رابطہ کاری کو مزید تقویت بہم پہنچانے کی بھارت کی عہدبندگی کو اجاگر کرتا ہے.

نئی دہلی
جون 14، 2025